مختلف کیٹیگریز میں ڈھیر سارے مکمل ناول پڑھنے کیلئے ہمارا یہ واٹس ایپ چینل جوائن کیجئے

👇👇👇👇

Classic Urdu Material WhatsApp Channel

ڈیئر ریڈرز اگر آپ سے لنکس اوپن نہیں ہو رہے ہے تو آپ ہمارے کلاسک وٹس ایپ چینل پر جا کر ان تمام لنکس کو ڈاؤنلوڈ کر سکتے ہیں۔

آپ کو ہماری ویب سائٹ کلاسک اردو میٹریل پر ہر قسم کے ناولز مل جائیں گے ویب سائٹ لنک نیچے ہے کلک کیجیے

https://classicurdumaterial.com/

ایف بی کے کچھ ایشوز کی وجہ سے بعض اوقات ایف بی پر لنکس اوپن نہیں ہوتے۔ یہ تمام لنکس آپ کو ہمارے کلاسک وٹس ایپ چینل پر مل جائیں گے۔ چینل کا لنک اوپر دیا گیا ہے آپ اُس پر کلک کریں اور چینل کو فالو کریں اور ڈھیر سارے ناولز ڈاؤنلوڈ کریں

اور اگر آپ آڈیو ناول سننا پسند کرتے ہیں تو ہمارے آڈیو ناول یوٹیوب چینل کو سبسکرائب کیجیے لنک نیچے ہے

Classic Urdu Novels

کلاسک اردو میٹریل کارپوریشن

طوائف ذات ہے میری

الیانہ شاہ

تم میرے ساتھ ایسا نہیں کر سکتے۔۔ میں تم سے بہت محبت کرتی ہوں۔۔ زوہان میں نے ڈیڈ سے بھی بات کرلی۔۔۔۔ وہ بھی ہمارے رشتے کیلیئے راضی ہیں۔۔۔ اب تم مجھے بیچ راستے میں چھوڑ کر نہیں جا سکتے۔۔ میں کیسے رہوں گی تمہارے بغیر۔۔ زوہان میں مر جاؤں گی۔۔ ایزل نے زوہان کو جھنجھوڑتے ہوئے کہا۔۔

کوئی بھی کسی کے لیے نہیں مرتا۔۔ تم بھی نہیں مروگی وقت کے ساتھ ٹھیک ہو جاؤ گی۔۔ اور بھول جاؤ گی مجھ جیسے بے وفا کو"۔۔

مقابل کے تلخ الفاظ نے جیسے اسے آسمان سے زمین پر پٹخ دیا جسے ایزل قبول نہیں کر پا رہی تھی۔۔

ایزل بات کو سمجھنے کی کوشش کرو مجھے انگلینڈ کی بہت بڑی کمپنی سے جاب آفر آئی ہے اور میں اسے گنوا نہیں سکتا۔۔ تمہیں میرے گھر کے حالات اچھے سے معلوم ہے میرے سر پر اپنی بہنوں کی ذمہ داریاں ہیں اور ان ذمہ داری کو پوری کرنے کے لیے مجھے یہ جاب آفر ایکسپٹ کرنی پڑے گی۔۔۔

ایزل ہوسکے تو مجھے معاف کر دینا میں بے وفا نہیں بننا چاہتا تھا لیکن حالات نے مجھے ایسا بننے پر مجبور کر دیا"۔۔زہان، ایزل کو محبت کی راہوں پر لا کر بیچ راستے میں چھوڑ گیا۔۔۔

❤□❤□❤□❤□❤□❤□❤□

عثمان خان (ایزل کے والد) جیسے ہی وہ ایزل کے روم میں داخل ہوئے۔۔۔ایزل اپنے بیڈ پر لیٹی ہوئی تھی۔۔

ایزل بیٹا۔۔۔

اٹھ جاؤ بابا کی جان۔۔

ایزل اٹھ کیوں نہیں رہی۔۔ جیسے ہی عثمان صاحب نے ایزل کو پلٹا۔۔۔ایزل کا پورا ہاتھ خون سے لت پت تھا۔۔۔

https://classicurdumaterial.com/
For More Novels Please Visit Our Website
For Audio Books Visit Our YouTube Channel
Classic Urdu Novels

بیٹے یہ کیا کیا آپ نے۔۔ عثمان صاحب نے اپنی درد بھری آواز میں کہا۔۔۔

عثمان خان نے ایزل کو اٹھایا اور ہسپتال چلے گئے۔۔۔۔

عثمان صاحب آپ نے بہت اچھا کیا جو آپ ایزل کو ٹائم سے ہسپتال لے آئے شکر ہے زیادہ خون نہیں بہا زخم زیادہ گہرا نہیں تھا ہاتھ کی ڈریسنگ کر دی ہے

ابھی انہیں کچھ دیر ریسٹ کرنے دیں تھوڑی دیر بعد ہوش میں آ جائیں گی۔۔

♥□♥□♥□♥□♥□♥□

چل لڑکی اٹھ تجھے آج شاہ صاحب کی خدمت کے لیے شاہ جی نے خود چنا ہے آج کی رات تو نے ان کو خوش کرنا ہے اور یاد رہے اگر مجھے شاہ جی کی جانب سے تیری کوئی شکایت ملی تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا

چندہ بائی بڑے غصیلے انداز میں اپنے سامنے کھڑی خوبصورت سی لڑکی سے مخاطب تھی جو اس وقت دنیا جہاں سے مافیہا اپنی زندگی کے بارے میں سوچ رہی تھی اپنے لاڈ اٹھوانے والی وہ پیاری سی گڑیا آج ٹوٹنے جا رہی تھی۔۔۔ کیا یہ تھا اس کا مستقبل اس قدر تاریک اس کی غلطی ہی کیا تھی محبت کرنا

https://classicurdumaterial.com/
For More Novels Please Visit Our Website
For Audio Books Visit Our YouTube Channel
Classic Urdu Novels

۔۔۔۔وہ بھی ایک ایسے شخص سے جو بچپن سے ہی اس کی ذات کا مالک رہا تھا وہی آج اسے اس مقام تک لے آیا تھا جہاں اس کے پاس جینے کے لیے یہی آخری راستہ تھا

محبت بھی کیا ظالم شے ہے جس سے ہو جائے وہ خاص ہو جاتا ہے اور جو کر لے وہ خاک ہو جاتا ہے"

محبت جب انسان کو نوازتی ہے تو خوش بخت بناتی ہے اور جب چھینتی ہے تو سانس تک کا محتاج بنا دیتی ہے یہی تو ہے محبت۔۔۔ کسی بے مہر سے ہو جائے تو جاں کا آزار بن جاتی ہے۔۔

چندہ بائی پلیز مجھے شاہ صاحب کی خدمت میں پیش نہ کریں میں یہ کام نہیں کر سکتی آپ کو خدا کا واسطہ ہے مجھے اس گندگی کے دلدل میں نہ گھسیٹیں۔۔۔مجھے بخش دیں۔۔۔اس نے چندہ بائی سے ہاتھ جوڑتے ہوئے التجا کی۔۔

چھوڑ میرے ہاتھ لڑکی۔۔۔چندہ بائی نے اس کا ہاتھ جھٹکتے ہوئے غصے سے کہا۔۔۔تجھے اب یہ کام کرنا ہی پڑے گا۔۔۔۔۔اب تو اس دلدل سے کبھی نہیں نکل سکتی۔۔

شروع میں مشکل ہو گی۔۔۔۔ آہستہ آہستہ عادت ہو جائے گی جب پیسہ منہ کو لگے گا نہ تو یہ سب اچھا لگنے لگے گا۔۔چندہ بائی نے قہر آلود لہجے میں کہا۔۔

نیلم پکڑ اسے اور چھوڑ آ اسے شاہ سائیں کے قدموں میں۔۔میں نے پوری قیمت وصول کی ہے اس کی۔۔۔

میں نے اپنے کام میں بے ایمانی نہیں کی سمجھا دے اس لڑکی کو اسے شاہ سائیں کے ساتھ جانا ہی پڑے گا وہ آج رات اسے اپنے گھر لے کر جائیں گے۔۔۔

بڑی قسمت والی ہے تو لڑکی جسے شاہ سائیں اپنے گھر لے کر جا رہے ہیں۔۔بڑے امیر ہیں شاہ سائیں تیری تو قسمت کھل گئی۔۔چندہ بائی نے آرج کی جانب دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

نیلم اسے تیار کر کے جلدی لاؤ۔۔

شاہ سائیں اس کا انتظار کر رہے ہیں۔۔کہتے ہی چندہ بائی کمرے سے چلی گئی۔۔

اب کمرے میں صرف نیلم اور ارج ہی رہ گئی تھی۔۔

نیلم آپی پلیز آپ میری مدد کریں مجھے شاہ سائیں کے ساتھ کہیں نہیں جانا۔۔۔۔پلیز مجھے کسی طرح اس کوٹھے سے باہر نکال دیں۔۔ارج نے نیلم کے آگے ہاتھ جوڑتے ہوئے کہا۔۔۔اس امید سے کہ شاید نیلم اسے اس جہنم سے نجات دلوا دے گی۔۔۔

ارج میں تمہاری کوئی مدد نہیں کر سکتی۔۔۔کاش میں تمہارے لئے کچھ کر سکتی۔۔۔میں خود بہت مجبور ہوں

چندہ بائی ٹھیک کہہ رہی تھی کہ جو لڑکیاں اس کوٹھے میں آجاتی ہیں ان کے لیے باہر کی دنیا ختم ہو جاتی ہیں۔۔اگر لڑکی کوٹھے میں ایک گھنٹہ ہی گزار لے تو دنیا اسے قبول نہیں کرتی اور تم تو دو دن سے اس کوٹھے میں قید تھی۔۔۔کوئی بھی تمہاری پاکدامنی پر یقین نہیں کرے گا۔۔۔اس نے سرد آہ بھرتے ہوئے کہا۔۔

نہیں نیلم آپی غازیان مجھ سے بہت محبت کرتے ہیں وہ مجھے قبول کر لیں گے آپ پلیز میری یہاں سے نکلنے میں مدد کر دیں۔۔

ارج نے نیلم کے پاؤں پکڑ لیے۔۔۔

ارج میرے پاؤں چھوڑو میری بات سمجھنے کی کوشش کرو تم یقین کیوں نہیں کر لیتی کہ تمہیں اس کوٹھے پر تمہارا شوہر بیچ کر گیا تھا۔۔

https://classicurdumaterial.com/
For More Novels Please Visit Our Website
For Audio Books Visit Our YouTube Channel
Classic Urdu Novels

"نہیں میں اس بات پر یقین نہیں کر سکتی کہ میرے غازی میرے ساتھ ایسا کریں گے وہ تو مجھے کبھی سوئی سے بھی تکلیف نہ پہنچائے وہ مجھے کبھی بھی اس گندگی کے دلدل میں پھینک جائیں میں کبھی بھی اس بات پر یقین نہیں کر سکتی"۔۔

ارج حقیقت کو قبول کر لو یہی تمہارے لئے بہتر ہے۔۔۔ یہاں سے تم کسی صورت نہیں نکل سکتی میں تمہارے لیے دعا کروں گی کہ خدا شاہ سائیں کے دل میں تمہارے لیے نرمی پیدا کریں۔۔۔ چلو میں تمہیں تیار کر دوں شاہ سائیں تمہارا انتظار کر رہے ہوں گے۔۔

نیلم کے انکار پہ ارج کو اپنی آخری امید بھی ختم ہوتی نظر آئی۔۔۔

"اے میرے اللہ میری عزت کی حفاظت کرنا میں اپنے شوہر کی امانت میں خیانت نہیں کرنا چاہتی اے میرے رب مجھ پر اپنا کرم نازل فرما جس طرح اب تک میری حفاظت کی آگے بھی مجھے محفوظ رکھنا۔۔ اے رب اب تیرا ہی آسرا ہے"۔۔

ارج نے دکھی دل سے اپنے لیے دعا کی۔۔۔۔

❤□❤□❤□❤□❤□❤□❤□

ایزل نے جیسے ہی اپنی آنکھیں کھولی اسے احساس ہوا کہ وہ ہسپتال میں ہے۔۔ تو کیا میں زندہ بچ گئی لیکن کیوں۔۔۔ میں ذوہان کے بغیر کیسے رہوں گی۔۔۔ وہ زار زار روتی ہے۔۔

اسی وقت عثمان صاحب کمرے میں آئے۔۔۔ کیا ہوا رو کیوں رہی ہو میری جان ہاتھ میں درد ہو رہا ہے کیا؟؟۔۔۔ نہیں بابا جان ہاتھ میں درد نہیں ہو رہا۔۔۔ دل میں درد ہو رہا ہے۔۔۔ ایسا لگ رہا ہے یہ سانسیں سینے میں اٹک گئی ہے۔۔

اس نے زور سے اپنے بال نوچنا شروع کر دیے۔۔۔

زوہان نے ایسا کیوں کیا بابا۔۔۔ وہ مجھے کیسے چھوڑ سکتا ہے۔۔۔ اسے پتا تھا کہ میں اس کے بغیر نہیں رہ سکتی پھر بھی اس نے مجھے چھوڑ دیا۔۔۔

میری جان سنبھالو خود کو۔۔۔ پہلے رونا بند کرو۔۔۔ چپ ہو جاؤ۔۔ عثمان صاحب نے ایزل کو دلاسا دینے کی کوشش کی۔۔

بابا جان مجھے رو لینے دیں۔۔۔"میں جس سے بھی پیار کرتی ہوں وہ مجھے چھوڑ جاتا ہے۔۔پہلے ماما چلی گئی۔۔۔پھر ارج اور غازی بھائی کا کچھ پتا نہیں چلا کہ وہ کہاں ہے۔۔۔اور اب ذوہان۔۔بابا میں اب کسی سے پیار نہیں کروں گی"۔۔۔

ایزل بس کر دو بیٹا آپ کے آنسو مجھے بہت تکلیف دے رہے۔۔۔

کیسا باپ ہوں اپنی بیٹی کے لئے کچھ نہیں کر سکتا۔۔میں اس وقت بہت بے بس ہوں چاہ کے بھی اپنی "بیٹی کو اس کی خوشیاں نہیں لوٹا سکتا۔۔بہت برا ہوں نہ میں"۔۔۔

نہیں بابا آپ بہت اچھے ہیں۔۔میری زندگی ہیں میرے جینے کی وجہ۔۔کہتے ہی وہ عثمان صاحب سے لپٹ گئی

اب مجھے مضبوط بننا ہو گا میں کسی بے وفا کی وجہ سے اپنے جان سے زیادہ پیارے بابا جان کو دکھی نہیں کر سکتی۔۔۔۔

میری بہادر بیٹی۔۔۔عثمان صاحب نے روتے ہوئے کہا۔۔

❤□❤□❤□❤□❤□❤□❤□

خان ہاؤس میں عثمان خان اپنی بیٹی ایزل خان کے ساتھ رہائش پذیر ہیں۔۔ عثمان صاحب کی بیوی کی ڈیتھ آج سے تین سال پہلے ہو گئی تھی۔

آمنہ بیگم کے گزر جانے کے بعد عثمان صاحب ایزل سے کافی دور ہو گئے تھے اور اپنا سارا وقت بزنس کرنے میں صرف کر دیا۔۔یہی وجہ ہے کہ آج ان کا شمار کراچی کے بیسٹ بزنس مین establish کو میں ہوتا ہے۔۔

آمنہ بیگم کے گزر جانے کے بعد ایزل بری طرح سے تنہائی کا شکار ہو گئی تھی کیونکہ عثمان صاحب بھی اسے بالکل وقت نہیں دی پاتے تھے۔۔

انہی دنوں ایزل کی ملاقات زوہان سے ہوئی جو اس کا یونیورسٹی فیلو تھا۔۔۔

ان کی دوستی کب محبت میں بدلی انہیں پتہ ہی نہیں چلا۔۔۔اور اب ذوہان نے اپنی جاب کی وجہ سے ایزل کو چھوڑ دیا۔۔زوہان کے چھوڑنے کیوجہ سے ایزل نے خودکشی کی کوشش کی۔۔

♥□♥□♥□♥□♥□♥□

https://classicurdumaterial.com/
For More Novels Please Visit Our Website
For Audio Books Visit Our YouTube Channel
Classic Urdu Novels

لیجیے شاہ سائیں آپ کی ہیروئن تیار ہے۔۔۔ نکھرے بہت کرتی ہے۔۔۔نازک جو ہے۔۔۔۔خاص "۔۔۔۔"خیال رکھیے گا یہ میرے کوٹھے کا کوہ نور ہے جسے میں آپ کے حوالے کر رہی ہوں شاہ سائیں

دلہن کے لباس میں گھونگھٹ لیے کانپتے بدن کے ساتھ وہ اپسرا شاہ سائیں کے دل کو بے قرار کر رہی تھی۔۔۔

چلو لڑکی۔۔۔۔پلیز مجھے شاہ سائیں کے ساتھ نہ بھیجیں۔۔۔۔ارج نے ایک بار پھر چندہ بائی سے التجا کی کہ شاید چندہ بائی کو اس پر ترس آجائے۔۔

اسی وقت شاہ سائیں وہاں آئے اور ارج کا نازک ہاتھ تھام لیا۔۔۔

لڑکی جلدی کرو مجھے پہلے ہی دیر ہو رہی ہے میرے پاس تمہاری ان فضولیات کے لیے وقت نہیں۔۔

شاہ سائیں نے اس کے ہاتھ پر اپنی گرفت مضبوط کی۔۔۔اور اسے گھسیٹتے ہوئے کار میں بیٹھایا۔۔۔۔

♥□♥□♥□♥□♥□♥□

میری جان کیا کر رہی ہے۔۔۔ایزل جو گہری سوچ میں گم تھی۔۔ عثمان صاحب کی آواز سن کر چونک گئی۔۔۔۔

بیٹادودن سے آپ اس کمرے میں بند ہو۔۔۔خود کو تکلیف مت پہنچاؤ۔۔

باباجان کچھ وقت تو لگے گا اسے (زوہان) بھولنے میں۔۔۔کہتے ہی اس کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔۔۔۔ایزل باباکی جان مت روؤ آپ کے آنسو مجھے کمزور کرتے ہیں۔۔میری جان اس کمرے سے باہر آؤ۔۔میں آج کاسارادن اپنی جان کے ساتھ گزارناچاہتاہوں۔۔۔جلدی سے فریش ہو کر آ جاؤ آج ہم مل کر کوکنگ کریں گے۔۔۔ٹھیک ہے باباجانی میں ابھی آتی ہوں

کچن میں عثمان خان اور ایزل کوکنگ کر رہے تھے۔۔۔

اف بابایہ آپ نے کیا کیا بریانی میں اتنی مرچ ڈال دی میں نے کہا تھا ایک چمچ ڈالئے گا آپ نے دو چمچ ڈال دی اب تو یہ بہت سپائسی بنے گی۔۔۔۔تو کوئی بات نہیں آج اپنے باباکے ہاتھ کی سپائسی بریانی سے لطف اندوز ہو۔۔۔بابامیں اتنی مرچی والی بریانی نہیں کھاپاؤں گی۔۔۔کوئی بات نہیں میں اپنے بیٹے کے لیے باہر سے بریانی آرڈر کر دیتاہوں۔۔۔ٹھیک ہے باباجان آپ بریانی آرڈر کریں میں تب تک کچن سمیٹ لیتی ہوں۔۔

ایزل پہلے کی طرح چہک رہی تھی۔۔اب لگتاہے ایزل جلد سنبھل جائے گی۔۔۔۔اللہ پاک میری بیٹی کی مشکلیں آسان کر دیں عثمان خان نے ایزل کو دیکھتے ہوئے دعا کی۔۔۔

جاری ہے۔

طوائف ذات ہے میری

الیانہ شاہ

قسط:02

لڑکی جلدی کار سے اترو۔۔

میں نہیں اتروں گی پلیز مجھے جانے دو میں ایسی لڑکی نہیں ہوں۔۔گھونگھٹ کی آڑ میں اس نے شاہ سائیں سے التجا کی۔۔۔

تم کیسی لڑکی ہو مجھے پتا ہے پہلے سب ناٹک کرتی ہے بعد میں سیٹ ہو جاتی ہیں۔۔۔جلدی اترو میرا وقت ضائع نہ کرو۔۔شاہ سائیں نے ارج کو کار سے باہر آنے کا کہا۔۔۔

نہیں میں نہیں آؤں گی۔۔۔ارج نے باہر نکلنے سے انکار کر دیا۔۔۔۔

جائیں گے تو تمہارے اچھے بھی۔۔اسی وقت شاہ سائیں نے اسے اپنی گود میں اٹھالیا۔۔۔گود میں اٹھاتے ہوئے اس کا گھونگھٹ اترتے ہی اس کا چاند سا چہرہ واضح ہو گیا۔۔۔

https://classicurdumaterial.com/
For More Novels Please Visit Our Website
For Audio Books Visit Our YouTube Channel
Classic Urdu Novels

اس کی گرین آنکھیں جو رونے کے باعث سوج چکی تھی۔۔کاجل آنکھوں سے بہہ کر گال پر پھیل چکا تھاناک جس میں چھوٹی سی نوز پن پہنی ہوئی تھی، کانپتے ہوئے ہونٹ جو اس وقت ریڈ لپسٹک سے سجے ہوئے تھے۔۔دیکھ کر شاہ سائیں مبہوت رہ گئے اور اپنی پلکیں تک جھپکنا بھول گئے

۔۔۔" مجھے نیچے اتاریں میں خود چلی جاؤں گی۔۔۔ارج کے بولنے پر شاہ سائیں ہوش میں آئے۔۔۔

تمیں ہی شوق تھا میری باہوں میں آنے کا۔۔

شاہ سائیں نے اپنے ہونٹ اس کے چہرے کے قریب لے جا کر محبت بھرے انداز میں کہا۔۔

ان کی بات سن کر ارج نے اپنا چہرہ دوسری جانب موڑ لیا اور روتے ہوئے شاہ سائیں کے بازو پر تھپڑ مارنے شروع کر دیے۔۔۔

اور اسے نیچے اتارنے کا کہا۔۔

چھوڑو مجھے۔۔۔۔دور رہو مجھ سے بد تمیز، گھٹیا انسان۔۔۔وہ مسلسل اپنے نرم و نازک ہاتھوں سے شاہ سائیں کے تھپڑ لگا رہی تھی کہ شاہ سائیں نے اس کے نرم و نازک ہاتھ اپنے مضبوط ہاتھوں میں تھام لیے۔۔۔

https://classicurdumaterial.com/
For More Novels Please Visit Our Website
For Audio Books Visit Our YouTube Channel
Classic Urdu Novels

لڑکی اپنی اس حرکت سے باز آجاؤ اگر میں نے ایک لگا دی نہ تو دو دن تک ہوش ٹھکانے نہیں آئیں گے۔۔۔

سن لو لڑکی آج سے مجھے شاہ سائیں کہہ کر بلاؤ گی۔۔شاہ سائیں نے طیش میں جواب دیا۔۔۔

اور آپ بھی سن لیں مجھے لڑکی کہہ کر نہیں بلائیں گے ارج کہہ کر بلائیں گے۔۔ارج غازیان۔۔۔

ارج نے بھی شاہ سائیں کے انداز میں جواب دیا۔۔

شاہ سائیں اسے اپنی باہوں میں اٹھا کر کمرے میں داخل ہوئے۔۔اور اسے آرام سے بیڈ پر بیٹھا دیا۔۔۔

لڑکی اونو ارج صاحبہ اس کمرے میں تھوڑی دیر کیلئے آرام کرو میں کچھ دیر تک آتا ہوں۔۔۔

اللہ کرکے نا ہی آئے ارج نے آہستگی سے کہا۔۔

کچھ کہا تم نے۔۔شاہ سائیں نے اس ہلتے ہوئے لبوں کو دیکھتے ہوئے استفسار کیا۔۔۔

نہیں نہیں میں نے کچھ نہیں کہا۔۔۔۔ارج نے فوراً نہ میں گردن ہلا دی۔۔

♥□♥□♥□♥□♥□♥□

بیٹا میں چاہتا ہوں کہ جلد آپ کی شادی کر دوں عثمان خان نے ایزل کو زوہان کے غم سے نکالنے کے لیے سوچا کہ اس کی شادی کر دی جائے۔۔

بابا جان میں ابھی شادی نہیں کرنا چاہتی۔۔۔(زوہان کی وجہ سے ایزل مرد ذات پر بھروسہ کرنے سے ڈر رہی تھی)۔۔۔

بیٹا میں چاہتا ہوں کہ مرنے سے پہلے آپ کو اپنے گھر میں ہنستا بستا دیکھوں۔۔۔

یہ کیسی باتیں کر رہی ہیں بابا جان اللہ آپ کو لمبی زندگی عطا فرمائے۔۔۔

بیٹا میری خاطر بھی شادی نہیں کرو گی۔۔۔ عثمان خان نے اپنی محبت کا واسطہ دیتے ہوئے کہا۔۔۔

آپ کی خاطر کچھ بھی کر سکتی ہوں۔۔۔۔بابا جان ابھی مجھے کچھ ٹائم چاہیے۔۔

ٹھیک یور ٹائم بیٹا۔۔۔۔ہمیشہ خوش رہو۔۔ عثمان خان نے اس کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے ایزل کو دعا دی۔۔۔

بابا جان میں شاپنگ پر جانا چاہتی ہوں۔۔۔

ٹھیک ہے میرا بیٹا دھیان سے جانا۔۔میں اکرم (ڈرائیور) سے کہتا ہوں وہ آپ کو لے جائے گا۔۔۔انہوں نے ایزل کو شاپنگ پر جانے کی اجازت دے دی۔۔۔

راستے میں اکرم بابا نے ایزل سے شاپنگ کے بارے میں پوچھا۔۔بیٹا آپ کو شاپنگ میں کتنا وقت لگے گا۔۔۔زیادہ نہیں بس ایک گھنٹہ لگے گا ایزل نے جواب دیا۔۔

وہ گڑیا مجھے آج جلدی گھر جانا تھا

کیا ہوا اکرم بابا سب ٹھیک تو ہے۔۔۔

گڈو کی طبیعت بہت خراب ہے۔۔۔انہوں نے پریشانی سے کہا۔۔

کیا ہوا گڈو کو؟۔۔۔زیادہ طبیعت تو نہیں خراب؟۔۔ڈاکٹر سے چیک اپ کروایا ہے؟۔۔ایزل نے ایک سانس میں سوالوں کی بوچھاڑ کر دی۔۔

بیٹا زیادہ مسلہ نہیں۔۔۔بس موسمی بخار ہے۔۔۔آپ کو گھر چھوڑ کر گڈو کا چیک اپ کروانے جاؤں گا۔۔۔

اکرم بابا میری فکر نہ کریں مجھے مال تک ڈراپ کر دیں واپسی پہ میں ٹیکسی لے لوں گی۔۔

آپ اپنے گھر جائیں۔۔۔اور گڈو کا چیک اپ کروائیں۔۔۔

گڑیا مجھے آپ کی فکر لگی رہے گی۔۔۔اکرم بابا پریشان نہ ہوں میں اب چھوٹی سی ایزل نہیں ہوں بڑی ہو گئی ہوں اور اپنا خیال رکھ سکتی ہوں۔۔۔آپ میری طرف سے بے فکر رہیں۔۔۔ایزل نے اکرم بابا کو تسلی دی۔۔

♥□♥□♥□♥□♥□♥□♥□

یا اللہ میں کس مصیبت میں پھنس گئی ہوں میری مدد فرما اے اللہ شاہ سائیں کے دل میں میرے لیے رحم ڈال دے۔۔۔اے میرے رب مجھے رسوا ہونے سے بچا لے۔۔میں کسی اور کی امانت ہوں۔۔۔اے اللہ مجھے اس مشکل آزمائش میں سرخرو کر دے"۔۔۔وہ جائے نماز پر بیٹھی یہ دعا کر رہی تھی۔۔اسی وقت شاہ سائیں کمرے میں داخل ہوئے۔۔۔۔

اسے بند آنکھوں۔۔۔رب سے دعا مانگتے ہوئے دیکھ کر شاہ سائیں مبہوت رہ گئے۔۔۔

وہ جو کھوئے ہوئے تھے اسے جائے نماز فولڈ کرتے ہوئے دیکھ کر ان کے حواس بحال ہوئے۔

اپنی کیفیت پہ قابو پاتے ہوئے ارج کو رات کو تیار ہونے کا کہا۔۔

لڑکی رات کو تیار رہنا۔۔نہ چاہتے ہوئے بھی ان کے منہ سے یہ الفاظ نکل گئے۔۔

میں نے آپ کو پہلے بھی بتایا ہے میرا نام ارج ہے ارج غازیان۔۔۔اس نے چیختے ہوئے کہا۔

ڈارلنگ اتنی زور سے مت چیخو۔۔۔اتنی نازک سی جان ہے تمہاری۔۔۔۔۔۔۔اگر تمہیں کچھ ہو گیا تو میری حسین رات کا کیا ہو گا۔۔۔شاہ سائیں نے گھمبیر انداز میں کہا۔۔۔

یہ کیسی گھٹیا باتیں کر رہے ہیں آپ؟؟۔۔شاہ سائیں کی گھٹیا باتیں سن کر ارج کا چہرہ غصے کے باعث سرخی مائل ہو گیا۔۔۔

تم بھول کیوں جاتی ہو کہ تم ایک طوائف ہو اور تمہارا کام ہے ہم جیسوں کا دل بہلانا"۔۔۔شاہ سائیں" نے اس کا چہرہ اپنے ہاتھوں میں تھامتے ہوئے کہا۔۔۔۔

ارج نے اپنا چہرہ شاہ سائیں کی گرفت سے چھڑاتے ہوئے الٹی جانب قدم بڑھائے۔۔اور بے یقینی سے کہا۔۔۔

آپ میرے ساتھ ایسا نہیں کر سکتے۔۔

کیوں نہیں کر سکتا" مجھے آپ پر پوری دسترس حاصل ہے تم پر تمہارے وجود پر تمہاری پوری قیمت ادا کی ہے"

شاہ سائیں نے اپنی روعب دار آواز میں جواب دیا۔

آپ مجھ پر یا میرے وجود پر کوئی حق نہیں رکھتے"۔۔دور رہیں ارج نے انہیں زور سے دھکا دیا۔۔"

❤□❤□❤□❤□❤□❤□❤□❤□

....میڈم بل

ایزل نے جلدی سے اپنا پرس اٹھایا اور اگلے ہی پل اسے حیرت کا شدید جھٹکا لگا۔۔۔اس کے پیسے کہاں گئے۔

اوشیٹ۔۔۔لگتا ہے پرس میں پیسے رکھنا بھول گئی۔۔۔میر ا کارڈ بھی ایکٹو کروانے والا ہے۔۔اف اب کیا کروں۔۔۔

اس نے پریشانی سے اپنا پرس زور سے کاؤنٹر پر رکھا۔۔۔۔

بھائی میں اپنا اماؤنٹ گھر بھول آئی ہوں۔

اس کے شرمندگی سے کہنے پر اس کے قریب کھڑے لڑکے نے بل ادا کیا اس دوران ایزل بالکل خاموش رہی۔۔۔

۔۔ اس لڑکے کے بل پے کرتے ہی ایزل نے اس کا شکریہ ادا کیا

آپ کا بہت شکریہ بھائی۔۔۔

میں آپ کا بھائی نہیں ہوں اس لڑکے کو ایزل کا بھائی کہنا برا لگا۔۔۔

آپ مجھے میرے نام سے بلا سکتی ہیں

Hi I am Mustafa Ali Shah

بلیو جینز، وائٹ شرٹ کے ساتھ براؤن بوٹ پہنے، چھ فٹ سے نکلتا ہوا قد، تیس سالہ مرد۔۔ بلا کا خوبصورت تھا۔۔

What's your good name

میرا نام ایزل خان ہے۔۔

آپ نے میری مدد کی اس کے لیے بہت شکریہ۔۔۔ میں آپ کے پیسے جلد واپس کر دوں گی۔۔۔

ایزل نے بات کرتے ہی دو قدموں کا فیصلہ طے کیا کہ اس کا پاؤں سلپ ہوا۔۔

اس نے فورا آگے بڑھتے ہی اسے اپنے دونوں بازوں سے سنبھالا۔۔۔ایزل اس صورتحال پر بری طرح شرمندہ ہوئی۔۔۔اور جھٹکے سے مصطفی سے دور ہوئی۔۔۔

سو۔۔سوری آئی ایم ریلی سوری۔۔

وہ سرخ پڑتے چہرے کے ساتھ فورا پلٹی اور اپنے ہونٹوں کو اپنے دانتوں میں دبا لیا۔۔

اسے ایسا کرتا ہوا مصطفیٰ نے دیکھ لیا اس کی اس ادا پر مصطفیٰ کا دل بہت زور سے دھڑ کا۔۔

اس لڑکی میں کچھ تو خاص ہے۔۔۔لگتا ہے آپ سے دوبارہ ملاقات کرنی پڑے گی۔۔مصطفی نے دل میں سوچا۔۔۔

□❤□❤□❤□❤□❤□❤

شاہ سائیں نے صبح کمرے میں قدم رکھا

کہ انہوں نے بیڈ کی جانب دیکھا وہ مبہوت ہی تو رہ گئے۔۔۔

ارج کے براؤن لمبے بال کسی آبشار کی طرح بیڈ پر پھیلے ہوئے تھے۔۔ گورا رنگ زرد پڑ گیا تھا گلابی" بھرے بھرے لب جو تھوڑے کھلے ہوئے تھے اس کی خوبصورتی میں اضافہ کر رہے تھے۔۔ گرین ۔۔"آنکھیں بند تھیں۔۔۔ آنکھ کے پاس تل بری طرح سے انہیں اپنی جانب متوجہ کر رہا تھا

ڈارلنگ اٹھو میری جان صبح ہو گئی۔۔۔

ارج نے کسی کی اواز سنتے ہی آہستہ آہستہ اپنی آنکھیں کھولی۔۔ شاہ سائیں کو اپنے سامنے دیکھ کر وہ جھٹکے سے اٹھی۔۔

Good Morning Darling

اٹھ جائیں نئے دن کا آغاز ہو چکا ہے۔۔ شاہ سائیں نے سرگوشی کی۔۔

صبح ہو گئی۔۔۔ ارج مدھم آواز میں بڑبڑائی۔۔۔۔

جی ارج صاحبہ۔۔ اٹھ جائیں صبح کے دس بج رہیں ہیں۔۔۔

کیا میں اتنی دیر تک سوتی رہی۔۔۔

ارج کے ذہن میں کل کا منظر لہرایا۔۔شاہ سائیں سے بحث کرنے کے بعد وہ روم سے باہر چلے گئے۔۔۔ان کے جانے کے بعد جب تک وہ جاگتی رہی خوفزدہ رہی۔۔۔۔اور روتے ہوئے شاہ سائیں کے نہ آنے کی دعا کرتی رہی۔۔۔۔

روتے روتے وہ کب سو گئی اسے پتا ہی نہ چلا۔۔۔ صبح اس کی آنکھ شاہ سائیں کے پکارنے پہ کھلی (کیا شاہ سائیں پوری رات میرے پاس نہیں آئے یہ خیال ذہن میں آتے ہی ارج نے سکون کا سانس لیا..

لڑکی اپنی خیالی دنیا سے واپس آؤ۔۔۔۔کل میں تمہارے ساتھ وقت نہیں گزار پایا۔۔

آج کا پورا دن میں اپنی ڈارلنگ کے ساتھ گزاروں گا۔۔شاہ سائیں کی بات سن کر اسے سو والٹ کا جھٹکا لگا۔۔

آپ نے چندہ بائی سے سے صرف رات تک کا معاہدہ کیا تھا

اب مجھے جانے دیں۔۔۔ارج کو لگا بس ایک رات کی ہی بات تھی جو کہ گزر گئی۔۔۔۔

ایسے کیسے جانے دوں تمہیں ڈارلنگ میں نے تمہاری پوری قیمت ادا کی ہے ایک رات کی نہیں۔۔۔

اب تم ساری زندگی میری قید میں گزارو گی۔۔ڈارلنگ اس قید سے تم چاہ کر بھی رہائی حاصل نہیں کر سکتی"

شاہ سائیں کے الفاظ سن کر ارج کو اپنے جسم سے روح نکلتی ہوئی محسوس ہوئی۔۔۔

مجھے جانے دیں میرے ساتھ یہ ظلم مت کریں شاہ سائیں۔۔۔اس نے زار و قطار روتے ہوئے کہا۔۔۔

ڈارلنگ رونا بند کرو کچھ دیر میں تم سے تفصیلی ملاقات ہوتی ہے۔۔کہہ کر شاہ سائیں کمرے سے باہر چلے گئے۔۔۔

شاہ سائیں کے باہر جاتے ہی ارج اللہ سے اپنی سلامتی کی دعا کرتی رہی۔۔

□❤□❤□❤□❤□❤

ایزل شاپنگ سے فارغ ہوئی تو باہر کافی زیادہ اندھیرا تھا۔۔۔ان ڈرائیو پہ کال کرتی ہوں کہ ٹیکسی بھیج دیں۔۔۔۔

آدھا گھنٹہ ہو گیا اور ٹیکسی ابھی تک نہیں آئی

اب کیا کروں اب تو رات ہو رہی۔۔۔۔ ایسا کرتی ہوں ڈیڈ کو فون کرتی ہوں۔۔۔۔۔

!!!ڈیڈ بھی کال اٹینڈ نہیں کر رہے۔۔۔۔ ہو سکتا ہے کہ وہ بزی ہوں

ایزل اب خود ہی کچھ کرنا پڑے گا بڑبڑاتے ہوئے اس نے تھوڑا سا راستہ طے کیا سڑک پر اکا دکا لوگ دکھائی دے رہے تھے۔۔۔

ہائے بے بی لفٹ چاہیئے۔۔۔۔ اسی وقت اس کے پاس ایک گاڑی رکی۔۔۔ جس میں تین سے چار آوارہ لڑکے بیٹھے اسے اوپر سے نیچے تک ہوس بھری نظروں سے تاڑ رہے تھے۔۔۔

ن۔ن نہیں مجھے لفٹ نہیں چاہیے۔۔۔۔ ایزل کی جان پر بن آئی آخر تھی تو وہ ایک صنف نازک۔۔۔۔

اللہ آج بچا لیں۔۔ دعا کرتے ہی اس نے سڑک پر بھاگنا شروع کر دیا خوف اس کے پورے وجود میں سرایت کر رہا تھا۔۔

اے رک جا۔۔ ان لڑکوں نے ایزل کو پکارا۔۔۔۔۔۔۔

ایزل جتنا تیز بھاگ سکتی تھی اتنی سپیڈ سے بھاگ رہی تھی

اتنی جلدی کیا ہے۔۔۔۔۔بے بی وہ جو بھاگ رہی تھی۔۔۔کہ وہ لڑکے اس کے سر پر پہنچ گئے۔۔۔

مممممیرے ق قریب ن نہ آ آنا۔ایزل نے کانپتی آواز میں کہا

ٹائم ضائع نہ کر لڑکی۔۔۔

ہیلپ ہیلپ کوئی تو میری مدد کرو وہ اونچی آواز میں چیخی۔۔

چپ کر یہاں تیری سننے والا کوئی نہیں۔۔۔

اسی وقت انہیں ایک گاڑی کے ہارن کی آواز سنائی دی۔۔۔۔جس کی ہیڈ لائٹ ان کے چہروں پر پڑی۔۔۔سب نے اس جانب دیکھا۔۔

اس گاڑی سے ایک نوجوان باہر آتا نظر آیا۔۔

۔۔کیا ہو رہا ہے یہاں پر۔۔۔اس نے اپنی دبنگ آواز میں پوچھا

بھائی پلیز میری ہیلپ کریں یہ لوگ میرے ساتھ بدتمیزی کر رہے ہیں۔۔۔ایزل نے اس لڑکے سے مدد مانگی۔۔

کتنی بار کہا ہے کہ مجھے بھائی مت بلایا کرو

صرف مصطفیٰ کہا کرو۔۔۔ مقابل نے کہا۔۔

کون ہے بے تو۔۔ ان میں سے ایک لڑکا اس کی بات کاٹتے ہوئے بد تمیزی سے بولا۔۔

میرے بارے میں جاننے کو رہنے دو بس چپ چاپ یہاں سے چلے جاؤ۔۔ مصطفی نے ان لڑکوں کو وارننگ دی۔۔

یہ لڑکی ہمارا شکار ہے اور ہم اسے چھوڑ کر نہیں جائیں گے اگر تجھے اتنی ہمدردی جاگ رہی ہے تو آجا ۔۔" تیرے لیے بھی آفر ہے۔۔ تو بھی ہمارے ساتھ اپنی رات رنگین بنا سکتا ہے

آفر دو گے مجھے۔۔۔ تم لوگوں کی رات تو میں رنگین بناتا ہوں۔۔۔

مصطفیٰ نے اس کے منہ پر اتنی زور سے تھپڑ مارا کہ وہ منہ کے بل زمین پر گرا۔۔ اس کی ایسی حالت دیکھ کر اس کے باقی دوست ڈر کے مارے وہاں سے فرار ہو گئے۔۔۔ وہ کمزور سے اٹھارہ انیس سال کے لڑکے تھے۔۔ کہاں مصطفی جیسا مضبوط اعصاب کا مالک اور اس کی باڈی۔۔۔۔۔ وہ لڑکے اس کا ہر گز مقابلہ نہ کر پاتے۔۔۔

اس لڑکے نے مدد کے لیے اپنے دوستوں کو پکارا تو وہ حیران رہ گیا کہ اس کے دوست اسے اکیلا چھوڑ کر بھاگ گئے۔۔

خود کو وہاں اکیلا محسوس کرتے ہی اس لڑکے نے مصطفی سے معافی مانگی۔۔

پلیز مجھے معاف کر دو بھائی مجھ سے غلطی ہو گئی

وعدہ کرتا ہوں آئندہ کسی لڑکی کو تنگ نہیں کروں گا۔۔۔۔ معافی مانگتے ہی وہ بھی سڑک سے اٹھا اور وہاں سے بھاگ گیا۔۔

ریلیکس چلے گئے ہیں وہ گھٹیا لوگ۔۔

مصطفی ایزل کے قریب گیا اور اسے اٹھنے کے لیے کہا۔۔

ایزل کا حلیہ دیکھ کر اسے غصہ آیا جو دوپٹہ نادار جینز شرٹ میں تھی شربتی آنکھیں گلابی ہونٹ صاف رنگت بکھرے ہوئے بالوں میں کسی کو بھی اپنی جانب متوجہ کر سکتی تھی۔۔ مصطفی نے اس سے نظریں چرائیں۔۔۔

؟"تم رات کے اس پہر سنسان سڑک پر کیا کر رہی تھی"

میں ابھی شاپنگ کر کے فری ہوئی تو ٹیکسی لینے کے لئے جیسے ہی میں تھوڑا سا آگے آئی تو۔۔۔۔۔یہ سب ہو گیا اس نے روتے ہوئے جواب دیا۔۔

اچھا آؤ میں ڈراپ کر دیتا دوں۔۔۔۔

نہیں آپ رہنے دیں میں خود ہی چلی جاؤ گی۔۔ایزل اب مصطفی پر بھی بھروسہ نہیں کر پا رہی تھی۔۔

مجھ پر بھروسہ کریں میں آپ کو باحفاظت آپ کی منزل تک پہنچا دوں گا۔۔

یہاں اس ٹائم سیو نہیں۔۔

پہلے تو وہ سوچتی رہی کہ ساتھ جاؤں کہ رہنے دوں اگر اس کے ساتھ نہ گئی تو بھی کسی ٹیکسی میں جانا پڑے گا کسی پر تو بھوسہ کرنا پڑے گا تو کیوں نہ اسی کے ساتھ ہی چلی جاوں۔۔۔

مس سوچیں نہیں آجائیں مصطفی نے اس کے لیے فرنٹ ڈور اوپن کیا۔۔

وہ ڈرتے ڈرتے مصطفی کی کار میں بیٹھ گئی۔۔۔۔

مس ایزل اپنا ایڈریس بتا دیں۔۔۔

اس نے مصطفی کو اپنا ایڈریس بتایا۔۔۔

آپ مجھے ایزل بلا سکتے ہیں۔۔اپ نے ایک بار پھر میری مدد کی اس کے لیے بہت شکریہ

شکریہ کی کوئی ضرورت نہیں۔۔۔

یہ تو میرا فرض تھا۔۔۔

اور میں آپ کو مصیبت میں نہیں دیکھ سکتا ہوں اس نے یہ الفاظ آہستگی سے کہے۔۔۔

آپ نے جو بل پے کیا تھا وہ پیسے میں آپ کو آپس کر دوں گی

It's ok no need to return

پیسے تو آپ کو لینے پڑیں گے نہیں تو میرے ضمیر پر بوجھ رہے گا۔

جیسی آپ کی مرضی۔۔۔۔

بس یہی پر اتار دیں ایک بار پھر آپ کا بہت بہت شکریہ اور میں جلد ہی آپ کے پیسے واپس کر دوں گی

آپ مجھے پیسے کیسے واپس کریں گی مصطفی نے ایزل سے کہا۔۔۔ایسا کریں کہ میرا کارڈر کھ لیں جب پیسے لوٹانے ہوئے تو مجھے کال کر لیجئے گا۔۔۔ مصطفی نے صورتحال کا فوری حل پیش کیا۔۔

اوکے خدا حافظ۔۔ کہہ کر وہ گھر کی جانب چل دی۔۔

ایزل جب تک گھر میں داخل نہی ہوئی اس وقت تک مصطفی اسے دیکھتا رہا۔۔

مصطفی بہت خوش تھا۔۔۔وہاں سے واپسی پر اسے ایزل سے ملنے کی ایک امید مل گئی تھی۔۔۔

جاری ہے

طوائف_ذات_ہے_میری

الیانہ شاہ

قسط:03

شاہ سائیں آپ مجھے قید میں نہیں رکھ سکتے۔۔

محبتیں وقت کی محتاج نہیں ہوتی سائیں مگر قدر کی قیدی ضرور ہوتی ہیں آپ کی دولت اور اونچا مرتبہ "

مجھ جیسی طوائف تک رسائی حاصل کرنے میں ناکام رہا ہے۔۔۔ارے ارے انا پر وار ہوا کیا۔۔۔

میں طوائف ضرور ہوں شاہ سائیں۔۔۔پر اتنی بھی گئی گزری نہیں کہ آپ کے ساتھ اپنا وقت صرف کروں قیمتی محبتیں بھی انمول لوگوں کے لیے ہوتی ہیں۔۔۔۔۔مجھ تک رسائی بھی آپ. ۔۔۔۔۔"صرف میری موت کے بعد ہی حاصل کرسکتے ہیں

آپ مجھ پر کبھی دسترس حاصل نہیں کرسکتے مجھ پر صرف ایک انسان کا حق ہے اور وہ غازیان شاہ" "ہے۔۔میرے شوہر

لیکن میں نے تو سنا تھا تمہیں کوٹھے پر تمہارا شوہر بیچ کر گیا ہے۔۔۔۔

کتنی دفعہ کہو میرے شوہر ایسا نہیں کرسکتے بہت محبت کرتے ہیں وہ مجھ سے۔۔۔

اگر تمہارا شوہر تم سے محبت کرتا تو کبھی تمہیں ایسی جگہ چھوڑ کر نہیں جاتا۔۔۔

سب کو غلط فہمی ہوئی ہے مجھے اپنے شوہر پر پورا بھروسا ہے۔۔

اتنا اعتبار بھی اچھا نہیں ہوتا ارج صاحبہ۔۔۔ابھی سے حقیقت کو تسلیم کرلیں ورنہ تکلیف زیادہ ہو گی۔۔

زندگی تو اب تمیں میرے ساتھ ہی گزارنی پڑے گی وقت رہتے سمجھ جاؤ"۔۔۔ تمہارے لیے بہتر رہے گا۔۔

♥□♥□♥□♥□♥□♥□

مصطفیٰ اپنے افس میں بیٹھا laptop پر کام کر رہا تھا۔۔ کہ اس کے موبائل پر ان نون نمبر سے کال آئی جسے اس نے فوراً اٹینڈ کر لیا۔۔۔

اسلام علیکم مصطفیٰ علی شاہ اسپیکنگ

وعلیکم السلام۔۔۔۔ دوسری جانب سے ایک خوبصورت نسوانی آواز سنائی دی۔۔

جی مس آپ کون بات کر رہی ہیں۔۔۔ مصطفیٰ کو ایسا محسوس ہوا کہ اس نے پہلے بھی یہ آواز سنی ہو۔۔۔

میں ایزل خان۔۔۔۔ دوسری جانب سے جواب آیا۔۔

کیسی ہیں آپ ایزل۔۔۔۔

میں ٹھیک ہوں۔۔۔ مصطفیٰ میں آپ کے پیسے واپس کرنا چاہتی ہوں۔۔۔

ایزل میں نے پہلے بھی کہا تھا پیسے واپس کرنے کی ضرورت نہیں۔۔

پلیز مصطفی میں واپس کرنا چاہتی ہوں

چلیں جیسی آپ کی مرضی میں آپ کو ایڈریس سینڈ کر دوں گا۔۔۔

کچھ دیر بعد وہ مصطفیٰ کے بتائے ہوئے مقام پر پہنچی۔۔۔اس کی نظر جیسے ہی مصطفیٰ پر پڑی۔۔اس نے فورا اپنا ہاتھ ہلایا۔۔۔

مصطفیٰ اس وقت ایزل کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

جو پنک فراک میں موم کی گڑیا لگ رہی تھی وہ اتنی خوبصورت لگ رہی تھی کہ مصطفیٰ اس سے نظر ہی نہیں ہٹا پا رہا تھا۔۔۔

وہ اپنے حسن سے بے خبر آہستہ آہستہ قدم اس کی جانب بڑھا رہی تھی۔۔۔مصطفی اس کے حسن میں کھویا ہوا تھا۔۔۔

مصطفیٰ۔۔۔کہاں کھوئے ہوئے ہیں۔۔۔ایزل مصطفی کو بنا پلک جھپکے خود کی جانب دیکھ کر کنفیوژ ہو گئی

کہیں بھی نہیں۔۔۔کہتے ہی اس نے ادھر ادھر دیکھنا شروع کر دیا۔۔

آ یئے اندر چلتے ہیں۔۔اس نے اپنی اس کیفیت سے باہر آتے ہوئے کہا

وہ دونوں ایک ساتھ ریسٹورنٹ میں داخل ہوئے۔۔

آئیں ایزل یہاں بیٹھیں۔۔۔اس نے ایزل کے لئے چئر آ گے کی۔۔

بہت شکریہ۔۔ایزل نے چئر پر بیٹھ کر اس کا شکریہ ادا کیا۔۔

اب بتائیں کیا کھانا پسند کریں گی آپ۔۔۔

کچھ بھی نہیں۔۔۔میں بس آپ کے پیسے واپس کرنے آئی تھی ایزل نے پیسے اس کی جانب رکھ دیئے۔۔

ایزل میں یہ پیسے اس صورت میں قبول کروں گا اگر آپ لنچ میرے ساتھ کریں۔۔۔۔

کیا لیں گی آپ۔۔ مصطفی اسے دیکھتے ہوئے پوچھنے لگا۔۔

آپ کچھ بھی منگوا لیں۔۔

کیا آپ کو بریانی پسند ہے۔۔ مصطفی نے ایزل سے پوچھا۔۔۔

یہ ہی منگوا لیں۔۔۔۔ایزل نے اپنی رائے کا اظہار کیا۔۔۔

اگر آپ کو نہیں پسند تو کچھ اور آرڈر کر لیتے ہیں۔۔۔نہیں نہیں ایسی بات نہیں ہے مجھے بریانی بہت زیادہ پسند ہے۔۔۔

اچھا پھر ٹھیک ہے۔۔

مصطفی نے اسی وقت آرڈر دیا۔۔۔دو پلیٹ بریانی اور کولڈرنک منگوائی۔۔

بریانی کے آتے ہی وہ اس سے لطف اندوز ہو رہے تھے۔۔۔

اسی وقت کوئی ان کے ٹیبل کے قریب ایا۔۔۔۔

ایزل تم یہاں کیا کر رہی ہو اور یہ کون ہے تمہارے ساتھ۔۔زوہان نے اس کے قریب آتے ہی کہا۔۔۔

جی آپ کون کیا میں آپ کو جانتی ہوں۔۔۔۔ایزل نے اسے پہچاننے سے انکار کر دیا۔۔۔۔

میں زوہان تمہاری پہلی محبت۔۔۔۔

کون زوہان میں کسی زوہان کو نہیں جانتی۔۔۔

ایسے کیسے بھول نہیں جانتی دو دن پہلے تک تو میرے لیئے مرنے کو تیار تھی اتنی جلدی بھول گئی مجھے۔۔

"جو ایزل زوہان کو جانتی تھی وہ اسی دن مر گئی تھی جس دن تم نے اسے چھوڑا تھا"

اب تمہارے سامنے جو لڑکی کھڑی ہے وہ بہت جلد مسز مصطفیٰ بن جائے گی۔۔

ان سے ملو یہ ہیں میرے منگیتر مصطفیٰ علی شاہ اور ہم بہت جلد شادی کرنے والے ہیں اور تمہیں میں اپنی شادی میں ضرور بلاؤں گی تاکہ تم بھی دیکھ سکو میں اپنی زندگی میں کتنی خوش ہوں۔۔اور میرے منگیتر مجھ سے بہت محبت کرتے ہیں وہ کسی بھی ریزن کی وجہ سے مجھے نہیں چھوڑیں گے۔۔۔ایزل نے پل بھر میں زوہان کو جتا دیا کہ وہ اس جیسے بے وفا کو بھول گئی ہے۔۔

ایزل جس نے زوہان کے ساتھ کے خواب سجائے تھے۔۔۔۔سارے خواب شیشے کی طرح پاش پاش" ہو گئے وہ کمزور نہیں پڑنا چاہتی تھی اس لیے ایزل نے جھوٹ کا سہارا لیتے ہوئے زوہان کے سامنے مصطفیٰ کو اپنا منگیتر ظاہر کیا"۔۔

ایزل تم کیسے مجھے اتنی جلدی بھول سکتی ہو۔۔وہ یہ سن کر حیران ہی تو رہ گیا۔۔۔۔

تم ہی نے تو کہا تھا کہ بھول جاؤ اور میں بھول گئی۔۔۔ایزل نے پل بھر میں اس کی غلط فہمی کو دور کیا۔۔

تم یہاں پاکستان میں کیا کر رہے ہو تمہاری تو انگلینڈ میں جاب ہو گئی تھی نہ۔۔۔

مجھے مس انڈراسٹینڈنگ ہو گئی تھی وہ جاب میرے لئے نہیں کسی اور کے لئے تھی۔۔۔

پلیز ایزل میرے ساتھ ایسا مت کرو۔۔۔۔۔ صورتحال وہی تھی لیکن کردار بدل گئے تھے۔۔۔۔

آج زوہان گڑگڑا رہا تھا کچھ دن پہلے ایزل گڑگڑا رہی تھی۔۔

پلیز مسٹر زوہان سائیڈ پر ہوں مجھے ابھی اپنے منگیتر کے ساتھ شادی کی شاپنگ کے لیے بھی جانا ہے۔۔

♥□♥□♥□♥□♥□♥□♥□

کل سے وہ دلہن کے لباس میں تھی ارج کو اس سرخ لہنگے سے وحشت محسوس ہو رہی تھی۔۔۔ اب کیا کروں اس لہنگے سے کیسے چھٹکارا حاصل کروں۔۔ کسی سے مدد مانگتی ہوں وہ جیسے ہی کمرے سے باہر نکلی سامنے ملازمہ لاؤنج کی صفائی کر رہی تھی۔۔۔

بات سنیں یہ شاہ سائیں کہاں ہیں۔۔۔ اس نے ملازمہ سے پوچھا۔۔

بی بی جی شاہ سائیں اس وقت اپنے آفس ہوتے ہیں۔

ملازمہ جواب دیتے ہی اپنے کام میں مصروف ہو گئی۔۔

شاہ سائیں گھر نہیں ہے ایسا کرتی ہوں کہ شاہ سائیں کے آنے سے پہلے یہاں سے بھاگ جاتی ہوں۔۔وہ تیزی سے باہر کی جانب بھاگتے ہوئے کسی سے زور سے ٹکرائی۔۔۔۔۔اسے ایسا محسوس ہوا جیسے اس کا سر کسی دیوار سے ٹکرا گیا ہو۔۔لیکن سامنے کی طرف دیکھتے ہی اس کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئی کیونکہ وہ اس وقت شاہ سائیں کے سینے سے لگی ہوئی تھی۔۔۔

کہاں جانے کی تیاری ہے ڈارلنگ۔۔۔اسے باہر کی جانب بھاگتے دیکھ کر شاہ سائیں نے استفسار کیا۔۔

کک۔کہیں بھی نہیں۔۔وہ جھٹکے سے ان سے دور ہوئی۔۔

اندر میرا دم گھٹ رہا تھا تو تازی ہوا میں سانس لینے جا رہی تھی۔ارج نے بہانہ بنایا۔۔

لگ تو نہیں رہا کہ تم گارڈن میں تازہ ہوا لینے جا رہی تھی۔۔۔لیکن اگر تم کہتی ہو تو مان لیتا ہوں۔۔

اس گارڈن کی حدود سے آگے گیٹ ہے اور کبھی اس گیٹ کو پار کرنے کی کوشش مت کرنا کیوں کہ "۔۔"تم میری قیدی ہو اور اب تمہیں ہمیشہ اسی قید میں ہی رہنا ہے

گیٹ کے پاس جانے کی کوشش بھول کے بھی مت کرنا کیونکہ گیٹ کے پاس بل ڈوگز موجود ہیں۔۔اور تم کبھی بھی بل ڈوگز کی خوراک نہیں بننا چاہو گی۔۔۔شاہ سائیں نے یہ بتا کر اس کی رہی سہی جان بھی نکال دی۔۔

آؤ اندر چلتے ہیں میں تمہارے لئے کچھ ڈریس لایا ہوں۔۔دیکھ کر بتانا تمہیں پسند آئے بھی ہیں۔۔۔۔تازہ ہوا میں سیر پھر کسی وقت کر لینا۔۔۔

شاہ سائیں ارج سے ایسے بات کر رہے تھے جیسے ان میں بہت گہری دوستی ہو۔۔

♥□♥□♥□♥□♥□♥□

بڑے مالک میں نے خود سنا ہے وہ لڑکی چھوٹے بابا کو اپنا منگیتر کہہ رہی تھی وہ لڑکی یہ بھی کہہ رہی تھی کہ وہ اور چھوٹے بابا بہت جلد شادی کرنے والے ہیں ماہد فوراً فون بند کرو۔۔ مصطفی اور اس لڑکی کو لے کر حویلی پہنچو۔۔۔جیسا آپ کا حکم بڑے مالک۔۔

♥□♥□♥□♥□♥□♥□

مصطفی میں نے زوہان کے سامنے جھوٹ بولا اس کے لیے سوری۔۔۔

It's ok Aizal I can understand your situation

آپ کا ایک بار پھر شکریہ۔۔۔ آپ نے پھر میری مدد کی آپ ہمیشہ مجھے ہر مشکل سے بچا لیتے ہیں۔۔۔

کافی ٹائم ہو گیا ہے بابا میرا انتظار کر رہے ہوں گے۔۔اب مجھے جانا چاہئیے۔کہتے ہی وہ وہاں سے جانے لگی کہ

اسی وقت تین چار آدمیوں نے مل کر ایزل کو زبردستی گاڑی میں بٹھایا۔۔۔ مصطفی جیسے ہی مدد کے لیے آگے بڑھا۔۔۔ماہد بابا کو دیکھ کر حیران رہ گیا۔۔۔

ماہد بابا آپ یہاں کیا کر رہے ہیں۔۔ چھوٹے مالک میں آپ کو لینے کے لئے آیا ہوں۔۔۔بڑے مالک نے آپ کو حویلی بلایا ہے۔۔

ماہد بابا میں گھر نہیں جاؤں گا۔۔ مصطفی نے جانے سے انکار کر دیا۔۔۔

آپ کو میرے ساتھ چلنا ہی ہو گا۔۔۔ورنہ مجھے آپ کے ساتھ زبردستی کرنی پڑے گی۔۔ چھوٹے مالک گاڑی میں بیٹھیں۔۔۔۔ماہد بابا کے الفاظ سن کر مصطفی گاڑی میں بیٹھ گیا۔۔۔اتنے سالوں بعد بابا سائیں کو میری یاد کیسے آ گئی۔۔۔ مصطفی نے دل میں سوچا۔۔

مصطفی کو کار بیٹھتے ہی ایزل حیران رہ گئی۔۔

ی یہ کیاہ ہو رہا ہے یہ لوگ ہمیں کہاں لے کر جا رہے ہیں ک کہیں اانہوں ن نے ہمیں کڈنیپ ت تو نہیں کر للیا۔۔ خوف کے مارے اس کے ہلک سے اٹک اٹک کر الفاظ نکل رہے تھے۔۔

ڈرو مت۔۔ یہ لوگ میرے بابا سائیں کے آدمی ہیں اور ہم دونوں کو حویلی لے جا رہے ہیں۔۔۔

لیکن یہ مجھے کیوں لے جا رہے ہیں۔۔۔۔ وہ پریشانی سے اس کی جانب دیکھتے ہوئے بولی۔۔

یہ تو حویلی جا کر پتہ چلے گا اس نے کہا۔۔۔

مصطفی پلیز اپنے بابا کے آدمیوں سے کہیں مجھے جانے دیں۔۔ میرے بابا جان میرے لیے پریشان ہو رہے ہوں گے۔۔۔

اب یہ گاڑی حویلی جا کر ہی رکے گی۔۔ میں ابھی کچھ نہیں کر سکتا۔۔ ہم جیسے ہی حویلی پہنچے گے میں آپ کو واپس بجھوا دوں گا۔۔ اپ پریشان نہ ہوں مصطفی نے اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے تسلی دی۔۔

❤□❤□❤□❤□❤□❤□❤□

https://classicurdumaterial.com/
For More Novels Please Visit Our Website
For Audio Books Visit Our YouTube Channel
Classic Urdu Novels

ارج نے شاہ سائیں کے لائے ہوئے ڈریسز میں سے بلیو کلر کا فراک پہنا۔۔۔شکر ہے اس لہنگے سے چھٹکارا ملا۔۔

وضو کر کے وہ اللہ کی بارگاہ میں کھڑی ہو گئی

جب اس نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اس کا جسم کپکپا رہا تھا وہ اللہ کے سامنے گڑگڑا رہی تھی رورو کر اپنا درد بیان کر رہی تھی۔۔

اے اللہ میری عزت و آبرو کی حفاظت کرنا۔۔۔مجھے کوئی راستہ دکھا کہ میں یہاں سے باحفاظت باہر جا سکوں۔۔اللہ کی بارگاہ میں اپنا درد بیان کرنے سے اس کے دل میں سکون اتر گیا۔۔

اسی وقت دروازے پر دستک ہوئی۔۔۔بی بی جی میں صابرہ مجھے شاہ سائیں نے آپ کے لیے ناشتہ دے کر بھیجا ہے۔۔

جاو اور کہہ دو اپنے شاہ سائیں سے کہ مجھے کوئی ناشتہ نہیں کرنا۔۔

لیکن بی بی جی شاہ سائیں نے کہا تھا جب تک آپ ناشتہ نہ کر لیں میں واپس نہ آوں۔۔

ایک بار کہا نہ کہ مجھے ناشتہ نہیں کرنا تو مطلب نہیں کرنا وہ اونچی آواز میں چلائی۔۔۔

ملازمہ کے جانے کے کچھ دیر بعد شاہ سائیں کمرے میں ائے

کھانا کیوں نہیں کھا رہی۔۔

مجھے بھوک نہیں ہے۔۔۔

بھوک نہیں بھی ہے پھر بھی کھانا کھاؤ رضیہ بی کھانا لے کر ائیں۔۔ مصطفی نے رضیہ بی کو کھانا لانے کا کہا۔۔

کھانا کھاؤ۔۔ مصطفی نے درشتگی سے کہا۔۔۔

میں نے کہا نہ بھوک نہیں ہے۔۔ ارج نے بھی اسی انداز میں جواب دیا۔۔

ارج آرام سے کھالو ورنہ مجھے کھلانا پڑے گا۔۔ اور میرے ہاتھوں سے تم ہر گز نہیں کھانا چاہو گی۔۔

میں نہیں کھاؤں گی جائیں آپ یہاں سے۔۔۔ بار بار میرے پاس مت آیا کریں۔۔ سگر مجھے بھوک" ۔۔"ہو گی تو میں خود ہی کھانا کھالو گی

اچھا ایسے تم نہیں مانو گی۔۔۔ میرے ہاتھوں سے ہی کھاؤ گی۔۔ شاہ سائیں نے نوالہ اس کے منہ کے قریب لے گئے اور زبردستی اس کے منہ میں ڈال دیا۔۔

ن نہیں آ آپ رر ہنے د دیں م میں خود کھانا کھالوں گ گی۔۔ڈر کے مارے اس نے تیزی سے کھانا شروع کر دیا کہیں شاہ سائیں اسے پھر سے کھلانے نہ لگ جائیں۔۔

♥□♥□♥□♥□♥□♥□♥□♥□

خدیجہ بیگم کہاں ہے آپ۔۔

کیا ہوا شاہ جی۔۔۔

آج میں تمہارے ایک خوشخبری لا یا ہوں۔۔۔

کیا مصطفی گھر آرہا ہے ؟؟؟۔۔۔

ہاں مصطفی گھر بھی آرہا ہے اور ہماری بہو کو بھی ساتھ لا رہا ہے۔۔

کیا سچ میں مصطفی نے شادی کرلی؟ ان کے بولنے سے ان کی خوشی کا اندازہ ہو رہا تھا۔۔

بیگم شادی نہیں کی۔۔۔اپنی ضد چھوڑ دی ہے۔۔۔اور شادی کے لیے مان گیا ہے۔۔

یا اللہ تیرا شکر ہے اب میرے گھر میں بھی خوشیاں آئیں گی۔۔شاہ جی آج میں بہت خوش ہوں میرے سارے دکھ ختم ہو گئے کہتے ہی خدیجہ بیگم شاہ جی کے سینے سے لگ گئی

♥□♥□♥□♥□♥□♥□♥□

مجھے یہاں سے جانا ہی ہو گا۔۔۔رات ہو گئی ہے میں چپکے سے اس مینشن سے بھاگ جاؤں گی ارج نے ایک بار پھر شاہ مینشن سے جانے کا سوچا۔۔

وہ اپنے روم سے نکلی۔۔اس نے ادھر ادھر دیکھا لیکن وہاں کوئی بھی نہ تھا۔۔۔آہستہ آہستہ قدم بڑھاتی وہ گیٹ کے پاس پہنچی وہاں دو بل ڈو گز گیٹ کے ساتھ بندھے ہوئے تھے۔۔۔۔

بل ڈو گز نے ارج کو دیکھتے ہی غرانا شروع کر دیا۔۔ارج خوف کے مارے مینشن کی طرف بھاگی۔۔

اور پھر سے کسی سے ٹکرا گئی۔۔ ٹکرا اتنی زور کی لگی کہ وہ گر گئی۔۔

تم اس یہاں کیا کر رہی ہو شاہ سائیں نے اسے نیچے سے اٹھاتے ہوئے پوچھا۔۔۔۔

یہاں سے بھاگنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔اس نے دوبدو جواب دیا۔۔

میں نے کہا تھا نہ کہ تم یہاں سے کبھی نہیں بھاگ سکتی۔۔شاہ سائیں کا انداز ایسا تھا جیسے جتا رہے ہو میں نے کہا تھا نہ تم یہاں سے بھاگ نہیں پاؤ گی

۔۔۔"تم میری قیدی ہو یہ بات اپنے اس ننھے سے ذہن میں بٹھا لو"

یہ بات سن کر ارج نے غصے سے شاہ سائیں کا کالر پکڑا میں آپ سے بہت نفرت کرتی ہو شدید نفرت۔۔ارج بھرپور نفرت کا اظہار کرتے ہوئے ان سے دور ہوئی۔۔

تم مجھ سے نفرت نہیں کر سکتی تمہیں مجھ سے محبت کرنی ہو گی۔۔وہ سرخ آنکھوں سے اس کی سحر زدہ آنکھوں میں دیکھتے ہوئے سرد لہجے میں بولے۔۔

اور آہستہ آہستہ قدم اس کی جانب بڑھانا شروع کر دیئے یہ دیکھ کر ارج خوف زدہ ہو گئی اور اپنے قدم پیچھے کی طرف بڑھانا شروع کر دیئے۔۔

کچھ نیا تھا ان کے انداز میں۔۔۔دیکھنے کا انداز اور ان کی محبت بھری آنکھیں کوئی اور ہی پیغام دے رہی تھی۔۔۔

کافی دیر تک وہ اس کے نقش تکتے رہے پھر اسے خود میں بھینچ لیا۔۔

منہ زور جذبات سے مجبور ہو کر وہ اس کی گردن پر جھک گئے اور وہاں پر اپنا لمس چھوڑنے لگے۔۔

اس نے خود کو ان کی گرفت سے چھڑوانے کی کوشش کی۔۔شاہ سائیں رکے نہیں بلکہ اس کے دونوں بازو زور سے پکڑ لیے اور اس کے ہونٹوں پر اپنا شدت بھرا لمس چھوڑنا شروع کر دیا۔۔ارج ان کی شدت سہہ نہیں پائی اور ہوش و حواس سے بیگانہ ہو گئی۔۔

"ہوش کھونے سے پہلے اسے ایک لفظ سنائی دیا" ہارٹ بیٹ

جاری ہے

طوائف_ذات_ہے_میری

الیانہ شاہ

04:قسط

جیسے ہی گاڑی حویلی میں داخل ہوئی۔

گیٹ پر فیضان شاہ اور خدیجہ بیگم ان کے استقبال کے لیے کھڑے تھے۔۔

خدیجہ بیگم نے لپک کر مصطفی کو گلے لگایا۔۔

آنکھیں ترس گئی تھی تمہیں دیکھنے کے لیے بیٹا اب کبھی اپنی ماں کو چھوڑ کر مت جانا۔۔یہ سال جو میں نے تمہارے بغیر گزارے یہ صرف میں جانتی ہوں یا میرا خدا۔۔خدیجہ بیگم آبدیدہ ہو گئی۔۔۔

اب تو ہمارے ساتھ رہو گے نہ۔۔اب تو رہنے کی وجہ بھی ساتھ ہے۔۔انہوں نے ایزل کی جانب دیکھتے ہوئے مسکرا کر کہا۔۔۔مجھے جیسے ہی شاہ جی نے بتایا کہ تم نے اپنے لیے لڑکی پسند کر لی۔۔۔میری خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہیں رہا۔۔۔بہت خوش ہوں میں اپنے بیٹے کے لیے آخر میرا بیٹا مان ہی گیا شادی کے لیے۔۔اب میں اپنے بیٹے کی شادی دھوم دھام سے کروں گی۔۔پورا گاؤں دیکھے گا۔۔۔انہوں نے پرجوش انداز میں اپنی خوشی کا اظہار کیا۔۔

اب مجھے بہو سے ملنے دو۔۔خدیجہ بیگم آگے بڑھی اور ایزل کو گلے لگا لیا۔۔بہت خوبصورت ہو آخر میرے بیٹے کی پسند ہو۔۔اگر آپ بھی مجھے اماں کہہ کر بلاؤ گی تو مجھے اچھا لگے گا ایزل حیرانگی سے آنکھیں پھاڑے انہیں دیکھ رہی تھی اور سمجھنے کی کوشش کر رہی تھی کہ کیا ہو رہا ہے۔۔جب تک وہ سمجھنے کے قابل ہوئی صورتحال بگڑ چکی تھی۔۔۔

ایزل جیسے ہی خدیجہ بیگم کی غلط فہمی دور کرنے کے لیے بولی۔۔انٹی آپ غلط سمجھ رہی ہیں ایسا کچھ نہیں ہے۔۔

اسی وقت مصطفی نے اس کا ہاتھ تھام لیا اور خاموش رہنے کا اشارہ کیا۔۔

مصطفی آنٹی کو غلط فہمی ہو رہی ہے۔۔مجھے ان کی غلط فہمی تو دور کرنے دیں

ایزل ابھی جو ہو رہا ہے اسے ہونے دو۔۔ مصطفی نے اس کی جانب جھکتے ہوئے آہستہ سے کہا۔۔۔

♥□♥□♥□♥□♥□♥□♥□

عاقب شاہ اپنے گاؤں کے سردار تھے وہ ایک نرم دل انسان تھے لیکن اپنے اصولوں کے پکے تھے سب ان کی بہت عزت کرتے تھے۔۔ان کا ایک بیٹا اور ایک بیٹی تھی

بڑا بیٹا فیضان شاہ۔۔ جن کی شادی عاقب شاہ نے اپنی مرضی سے خدیجہ بیگم سے کروائی۔۔۔ان کا ایک بیٹا مصطفی شاہ ہے۔۔۔جس نے اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد بزنس کے فیلڈ کا انتخاب کیا۔۔حالانکہ فیضان شاہ نے مصطفی سے کافی بار کہا کہ وہ اپنی زمینوں پر کام کرے لیکن مصطفی کو اس کام میں کوئی دلچسپی نہیں تھی۔۔۔

جبکہ عاقب شاہ کی بیٹی عالیہ نے اپنے والدین کی مرضی کے خلاف اپنے کلاس فیلو سے شادی کی۔۔۔اس وجہ سے عاقب شاہ نے عالیہ سے اپنے تمام تعلقات ختم کر لیے۔۔۔۔

https://classicurdumaterial.com/
For More Novels Please Visit Our Website
For Audio Books Visit Our YouTube Channel
Classic Urdu Novels

مصطفی بچپن سے ہی سنتا آرہا تھا کہ اس کی پھوپھو نے گھر سے بھاگ کر شادی کی۔۔۔جب تک عاقب شاہ زندہ رہے اس نے اپنے داداجان کو عالیہ پھوپھو کے لیے روتے ہوئے دیکھا۔۔اپنی پھوپھو کی وجہ سے مصطفی لڑکیوں سے نفرت کرنے لگ گیا تھا کہ تیس سال کا ہونے کے باجود وہ شادی نہیں کرنا چاہتا تھا۔۔۔

لیکن اب اس کے مان جانے پر فیضان شاہ اور خدیجہ بیگم بہت خوش تھے۔۔۔

❤□❤□❤□❤□❤□❤□

مصطفی سب غلط سمجھ رہے ہیں ہمیں ان کی غلط فہمی کو دور کرنا چاہیے۔۔

ایزل میری بات غور سے سنو میں اس غلط فہمی کو دور نہیں کر سکتا میں نے بہت عرصے بعد اپنے ماں باپ کو اتنا خوش دیکھا ہے پھوپھو کے جانے کے بعد آج میں نے اپنے باباسائیں کے چہرے پر سچی مسکراہٹ دیکھی ہے۔میں ان کی یہ خوشی نہیں چھین سکتا۔۔میں خود مجبور ہوں سمجھنے کی کوشش کرو۔۔

کیا سمجھو مصطفی۔۔۔میرے بابا میرا انتظار کر رہے ہیں۔۔اور میں یہاں آپ کے ماں باپ کو خوش کرنے کے لیے جھوٹ نہیں بول سکتی۔۔ایزل دانت کچکچا کر رہ گئی۔۔۔

آپ نے کہا تھا حویلی جاتے ہی آپ مجھے میرے گھر بھجوادیں گے۔۔

نہیں اب تم یہاں سے نہیں جاسکتی۔۔۔

کیوں نہیں جاسکتی۔۔۔

ایزل باہر کی جانب اپنے قدم بڑھانے لگی۔۔

اسی وقت مصطفی۔نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اسے اپنی جانب کھینچا۔۔۔

چھوڑیں میرا ہاتھ اور جانے دیں مجھے۔۔۔ایزل نے اپنا ہاتھ اس کی گرفت سے چھڑوانے کی کوشش کی۔۔

ایزل سٹوپ اٹ میری بات سنو ہم شادی کر لیتے ہیں۔۔۔ مصطفی کیا کہہ رہے ہوش میں تو ہیں۔۔۔میں آپ سے شادی نہیں کر سکتی۔۔۔اس نے سخت لہجے میں کہا۔۔

ہم کچھ عرصے کے لیے شادی کر لیں گے ابھی میرے والدین بہت خوش ہیں میں انہیں دکھی نہیں کر سکتا۔۔۔میں نے کہا نہ میں آپ سے شادی نہیں کروں گی۔۔۔وہ تڑخ کر بولی

میں بھی تم سے شادی نہیں کرنا چاہتا صرف اپنے والدین کے لئے کر رہا ہوں۔۔ہم کچھ عرصہ تک اس شادی کو سب کے سامنے خوشی خوشی نبھائیں گے آہستہ آہستہ میں اپنے والدین کو سمجھا دونگا اور ہم اپنے راستے الگ کر لیں گے۔۔۔

کیا مجھے مصطفی سے شادی کر لینی چاہیے۔۔۔بابا بھی تو یہی چاہتے تھے کہ میں شادی کر لو ایسا کرتی ہوں) اسی سے ہی شادی کر لیتی ہو اتنا برا بھی نہیں ہے اور کچھ عرصے بعد اس سے الگ ہو جاؤ گی اور بابا کو سمجھالوں گی۔۔۔ (ایزل نے دل میں سوچا

کہاں کھو گئی۔۔۔

بتاؤ راضی ہو۔۔۔ مصطفی نے اس سے کہا۔۔

لیکن میری کچھ شرائط ہیں۔۔۔۔

کیا شرائط ہیں؟؟؟

پہلی۔۔میں اپنی لائف اپنی مرضی سے گزاروں گی آپ اس میں interfere نہیں کریں گے۔ دوسری مجھ پر روعب نہیں ڈالیں گے۔

تیسری مجھ سے دور رہیں گے۔

اب بتائیں آپ کو یہ شرائط منظور ہیں۔

مجھے یہ شرائط منظور ہیں۔۔۔

میں تمہارے معاملات میں انٹرفئر بھی کروں گا۔۔ تم پر روعب بھی ڈالوں گا اور تم سے دور ہر گز نہیں رہوں گا بلکہ تمہاری روح میں سما جاؤں گا"۔

مصطفی یہ سوچ کر دل ہی دل میں خوش ہو رہا تھا۔۔۔

ایزل نے اس کے چہرے پر خوش کن تاثرات دیکھ کر اسے حیرت سے پوچھا کیا ہوا اتنا مسکرا کیوں رہے ہیں۔۔

نہیں تو میں کب مسکرا رہا اس نے اپنے چہرے پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔۔

اچھا آپ کہتے ہیں تو مان لیتی ہوں۔۔۔ مصطفی اب تو مجھے اپنے گھر بھجوا دیں۔۔۔۔

ٹھیک ہے آؤ میں ڈراپ کر دیتا ہوں۔

♥□♥□♥□♥□♥□♥□

ایزل جیسے ہی گھر میں داخل ہوئی عثمان صاحب لاونج میں صوفے پر بیٹھے تھے ایزل کو دیکھتے ہی وہ اس کے پاس آئے بیٹا آپ ٹھیک تو ہو میں اپ کو کال کر رہا تھا اور آپ کا فون بھی بند آرہا تھا۔۔ کتنا پریشان ہو گیا۔۔

بابا جان میں ٹھیک ہوں... ایزل نے انہیں تسلی دی۔۔

بیٹا آپ کہاں تھی۔۔

وووہ بابا جان میں مصطفی کے ساتھ تھی۔۔۔ اس نے اٹکتے اٹکتے ہوئے جواب دیا۔۔

مصطفی کون ہے بیٹا۔۔۔

بابا جان مصطفی مجھ سے شادی کرنا چاہتے ہیں اس نے سرخ چہرے سے جواب دیا۔۔۔

اسی وقت عثمان صاحب کے فون پر کال آنے لگی کہ ان کی بات درمیان میں رہ گئی اور وہ کال پر بات کرنے میں مصروف ہو گئے۔۔۔

بات ختم ہونے کے بعد عثمان صاحب بولے فیضان شاہ کا فون تھا انہوں نے مجھ سے آپ کے رشتے کی بات کی ہے۔۔

بابا جان فیضان انکل ہی مصطفی کے باباسائیں ہیں۔۔

بیٹا آپ کو یہ رشتہ منظور ہے۔۔

بابا جان اگر آپ کو ٹھیک لگے۔۔۔۔۔۔

مجھے تو بات کرنے کے انداز سے کافی سلجھے ہوئے لگے۔۔میں انہیں ڈنر پر بلا لیتا ہوں تا کہ ہم انہیں اچھے سے جان لیں۔۔

ٹھیک ہے بابا جان جیسا آپ کو بہتر لگے۔

❤□❤□❤□❤□❤□❤□

عثمان صاحب ہمیں آپ کی بیٹی بہت پسند آئی۔۔ہم چاہتے ہیں کہ جلد سے جلد اپنی بیٹی کو اپنے گھر لے جاہیں تو اس مہینے کی سولہ تاریخ ٹھیک رہے گی۔۔۔

فیضان صاحب اتنی جلدی کیسے ہو پائے گا۔۔

عثمان صاحب ایزل اب ہماری بیٹی ہے آپ نے بالکل فکر نہیں کرنی ہمیں جہیز بالکل نہیں چاہیے اور شادی کے ایونٹس کی فکر نہ کریں سارے ایونٹس حویلی میں ہی ہوں گے۔۔۔

بس آپ اپنی بیٹی کو رخصت کرنے کی تیاری کریں۔۔۔فیضان شاہ نے انہیں تسلی دی

♥□♥□♥□♥□♥□

اس نے دھیرے دھیرے اپنی آنکھیں کھولی۔۔سب سے پہلے اسے شاہ سائیں کا چہرہ نظر آیا جو اس پر جھکے ہوئے تھے۔۔۔

غازی کیا یہ آپ ہو اس نے نرمی سے ان کے چہرے پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔۔۔

ہاں میں تمہارا غازی ہی ہوں اتنی دیر کر دی مجھے پہچاننے میں۔۔کہتے ہی انہوں نے اپنی نقلی داڑھی مونچھ اتار دی اور رومال سے اپنا چہرہ صاف کر دیا۔۔ان کی گوری رنگت واضح ہونا شروع ہو گئی۔۔۔۔۔۔

غازی۔۔۔اس کے ہلک سے بامشکل ان کا نام نکلا۔۔۔

وہ ان کے گلے لگ کر رونے لگی اور رونے لگی۔۔

غازی میں نے آپ کو ہر پل یاد کیا۔۔سب آپ کو قصوروار سمجھتے تھے میں نے کسی پر یقین نہیں کیا" ۔" مجھے یقین تھا آپ مجھے بچا لیں گے

جیسے ہی اس کے حواس بحال ہوئے اس نے زور زور سے اس کے تھپڑ مارنا شروع کر دیئے۔۔ آپ نے مجھے شاہ سائیں بن کر بہت تنگ کیا اسکے لیے میں آپ کو کبھی معاف نہیں کروں گی۔۔ میں نے یہ لمحات بہت تکلیف میں گزارے ہیں کہ میں ایک نامحرم کے ساتھ رہ رہی۔۔۔

اور جو آپ نے اس رات کیا۔۔ کتنی اذیت میں تھی کہ ایک نامحرم نے مجھے چھوا۔۔۔۔وہ غم و غصّے سے پھٹ پڑی۔۔

ہارٹ بیٹ میں تو اس ہوا کو بھی اجازت نہیں دیتا کہ وہ تمہیں چھو جائے۔۔ تو میرے ہوتے ہوئے "کوئی نامحرم تمہیں کیسے چھو سکتا ہے"۔

غازی میں دو دن تک کوٹھے میں رہی میں نے دو دن تک مار برداشت کر لی لیکن اپنے دامن پہ کوئی داغ نہیں لگنے دیا وہاں کوٹھے پر سب کہتے تھے آپ مجھے وہاں چھوڑ کر گئے تھے لیکن مجھے آپ پر پورا بھروسہ ہے کہ آپ ایسا نہیں کر سکتے۔

جانتا ہوں میری ہاٹ بیٹ کو مجھ پر بھروسہ ہے میں اپنی زندگی کو ایسی گندی جگہ کے پاس سے بھی نہ گزرنے دوں تو وہاں چھوڑنے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

میری ذات پر طوائف کا بدنما داغ لگ گیا ہے جو کبھی نہیں مٹے گا یہ دنیا مجھے کبھی قبول نہیں کرے گی"۔۔۔اس نے مایوسی کے عالم میں کہا۔۔

۔۔۔"کوئی قبول کرے یا نہ کرے مجھے اپنی ہارٹ بیٹ ہر حالت میں قبول ہے"

جس نے بھی میری جان کو اس دلدل میں پھینکا ہے اسے حساب دینا ہو گا اس نے غیض و غضب سے کہا۔۔

ہماری تو کسی کے ساتھ کوئی دشمنی بھی نہیں کون ایسا کر سکتا ہے۔۔ کیا غازی آپ کو پتا ہے وہ کون تھا۔

۔۔ وہ جو بھی ہے کل تک تمہارے سامنے ہو گا

ابھی میں کچھ پل اپنی ہارٹ بیٹ کے ساتھ گزارنا چاہتا ہوں۔۔اس لیے خاموش رہو اس نے ارج کے ہونٹوں پر انگلی رکھتے ہوئے بے اختیار اس کے دونوں گالوں پر پیار کیا۔۔

جاری ہے۔۔

طوائف_ذات_ہے_میری

قسط:05

https://classicurdumaterial.com/
For More Novels Please Visit Our Website
For Audio Books Visit Our YouTube Channel
Classic Urdu Novels

ماضی

خان مینشن میں احمد خان اپنی بیوی عالیہ کے ساتھ خوش گوار زندگی بسر کر رہے تھے ان کی اکلوتی بیٹی ارج۔۔جو ایم ایس سی کر رہی تھی۔۔۔

احمد خان کے بہن اور بہنوئی ایک حادثے میں وفات پا چکے تھے اس حادثے کے بعد احمد خان اپنے بھانجے غازیان کو اپنے گھر لے آئے۔۔

غازیان بچپن ہی سے ارج سے بہت محبت کرتا تھا اس کی ہر خواہش ہر ضد کو پورا کرنا اپنا فرض سمجھتا تھا۔۔اسے ایک پل کے لیے بھی اپنی نظروں سے دور نہیں ہونے دیتا تھا

غازیان کی محبت کو دیکھتے ہوئے دونوں کا نکاح بچپن میں ہی ہو گیا تھا۔۔۔اور اس رشتے سے دونوں ہی خوش تھے۔

غازیان کا خواب تھا کہ وہ پولیس آفیسر بنے اس لیے وہ دن رات محنت کر رہا تھا تا کہ وہ سی ایس ایس کے امتحان کلیئر کر لے۔۔۔.

❤□❤□❤□❤□❤□❤□

السلام علیکم!!!!!

وعلیکم السلام بیٹا آو ناشتہ کرلو

خدیجہ بیگم نے اس کے لئے کھانا نکالتے کہا۔۔

نہیں ممانی جان ابھی میں فریش ہوں گا اگر ٹائم ہوا تو ناشتہ کرلونگا۔۔اس کے بعد انٹرویو کی تیاری کروں گا۔۔

بیٹا کون سا انٹرویو؟؟

ماموں، ممانی میں نے کچھ دن پہلے جاب کے لیے ٹیسٹ دیا تھا آج اس کا انٹرویو ہے۔۔۔میرے لیے دعا کریے گا۔۔

بیٹا ہماری دعائیں آپ کے ساتھ ہیں انشاء اللہ ہمارا بیٹا ضرور کامیاب ہو گا۔۔۔عالیہ شاہ نے اسے دل سے دعا دی

غازی کے جاتے ہی ارج ہال میں آئی۔۔۔ماما آپ صرف غازی سے پیار کرتی ہیں مجھ سے پیار نہیں کرتی۔۔۔

عالیہ بیگم نے ارج کا کان پکڑا اب بتاؤ میں آپ سے پیار کرتی ہو یا نہیں۔۔۔

ج۔۔۔جی ماما آپ سب سے زیادہ مجھ سے پیار کرتی ہیں۔

بیٹا آپ دونوں ہمارے جگر کا ٹکڑا ہو ہماری کل کائنات ہو احمد خان نے ارج کو اپنے سینے سے لگاتے کہا۔۔۔

♥□♥□♥□♥□♥□♥□♥□♥□

بیٹا آپ کا انٹرویو کیسا ہوا

ماموں، ممانی جان بہت زیادہ اچھا ہوا ہے یہ سب آپ کی دعاؤں کی وجہ سے ہو پایا ہے۔۔

